صدائے جوہر

بزم طلبہ شعبہ اسلامک اسٹڈیز کا ترجمان

JAMIA MILLIA ISLAMIA;

100 Hundred Years of History and Contributions

جامعہ ملیہ اسلامیہ: صدسالہ تاریخ اور خدمات

صدائے جوہر

بزم طلبہ شعبہ اسلامک اسٹڈیز کا ترجمان

سرپرست:

پروفیسر ڈاکٹر سید شاہد علی

مشیر:

ڈاکٹر محمد مشتاق

سپروائزر

ڈاکٹر محمد اسامہ

مجلس ادارت

مینجنگ ایڈیٹر: شفیع الرحمن خان

ایڈیٹر: ملک محمود

معاون ایڈیٹر:

عبد الماجد رحمانی، شہوار پرویز

نائب ایڈیٹر:

شہناز پروین، محمد یوسف

ممبران

انضام القیوم | محمد حسین | محمد خورشید | نورین فیض

محمد شمس الدین، علیزہ خان

* مضمون نگار کی رائے سے شعبہ اسلامک اسٹڈیز اور بزم طلبہ کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

بزم طلبہ شعبہ اسلامک اسٹڈیز کا ترجمان

صدائے جوہر

2019-20

شعبہ اسلامک اسٹڈیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

دامانِ جوہر

پیغام	صدر شعبہ	5
پیغام	مشیر بزم طلبہ	6
پیغام	سپروائزر، صدائے جوہر	7
اداریہ	ملک محمود	8
جامعہ ملیہ اسلامیہ کا قیام اور اغراض و مقاصد	محمد یوسف نظامی	9
شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن دیوبندی	عبدالرحمن	13
حکیم اجمل خاں	محمد رفیع	17
مولانا عبید اللہ سندھی: ایک مثالی شخصیت	نورین فیض	19
مولانا عبید اللہ سندھی: حیات و خدمات	آسیہ خاتون	20
مولانا اسلم جیراج پوری: مختصر تعارف	شہناز پروین	22
مولانا اسلم جیراج پوری: حیات و خدمات	آفرین رحمن	24
ڈاکٹر عابد حسین	شفیع الرحمن خان	27
شعبہ اسلامک اسٹڈیز--ایک تعارف	عبدالماجد رحمانی قاسمی	30
جامعہ اور ذرائع ابلاغ	محمد حسین	32
تعلیم نسواں کے فروغ میں جامعہ کا کردار	سجاد علی	35
ڈاکٹر ذاکر حسین میوزیم: مختصر تعارف	سدرہ خان	36
کھیل کے میدان میں جامعہ کی خدمات	انضمام القیوم اعظمی فلاحی	37

Content

Contribution of Zakir Hussain in Jamia Millia Islamia
Shehwar Parvez
(M. A. Final year)
Page No. 58

JAMIA MILLIA AT A GLANCE
AAISHA USMANI
(B.A, 1st year)
Page No. 60

D.R Zakir Hussain: His Educational Philosophy
Abreena Gulzar
(B.A, 1st year)
Page No. 61

PROFESSOR MUHAMMAD MUJEEB
Aliza Khan
(B.A, 1st year)
Page No. 62

SHEIKH UL HIND MAULĀNA MAḤMŪD UL ḤASSAN
Junaid Ahmad Khowaja
(M.A, Final year)
Page No. 65

Maulana Muhammad Ali Jauhar a man who chose the pen above the sword
Ariba Shabahat
(M.A, final year)
Page No. 68

"The contributions of JAMIA in the Independence struggle"
Ruqaiyya Fahim saifi
(B. A, 1st year)
Page No. 69

ANNUAL REPORT Subject Association 2019-2020
Junaid Ahmad Khowaja
Page No. 74

Annual Report of SADA-E-JAUHAR 2019-2020
Shafiur Rahman Khan
Page No. 76

بسم الله الرحمن الرحيم

JAMIA MILLIA ISLAMIA
(A Central University by an Act of Parliament)
Maulana Mohammad Ali Jauhar Marg, New Delhi-110025

जामिया मिल्लिया इस्लामिया
(संसदीय अधिनियमानुसार केन्द्रीय विश्वविद्यालय)
मौलाना मुहम्मद अली जौहर मार्ग, नई दिल्ली-११००२५
E-mail : mishaque@jmi.ac.in, Website : jmi.ac.in

جامعہ ملیہ اسلامیہ
(پارلیمانی ایکٹ کے تحت ایک مرکزی یونیورسٹی)
مولانا محمد علی جوہر مارگ، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵

Department of Islamic Studies
Jamia Millia Islamia, New Delhi - 110025

डिपार्टमेंट आफ इस्लामिक स्टडीज़
जामिया मिल्लिया इस्लामिया, नई दिल्ली-११००२५

شعبۂ اسلامک اسٹڈیز
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵

Message of the Head

Knowledge means "Understanding". This understanding is required in thoughts, words and deeds. In the domain of knowledge we learn something, we unlearn something and we relearn something. Life Long Learning and All sides learning are the key for success. The formula to achieve success is:

Will + Beginning + Persistence = Result_ People do not lack strength they lack will. Beginning is always the toughest part of any work. Persistence unlocks potential and converts hardship into ease. Persistence is making small efforts each day, be patient with the process and focus on the path not the destination.

Nothing changes if nothing changes. If you do what you did, you will get what you got. Success is based on Mindset. The following approaches in mindset invite success:

I do what I think. I am Smart like me. I never fail, either I win or I learn. I Love what I do. I am what I do repeatedly.

I don't have to attend every argument I am invited to. I learn once and apply always. I always act never react. I forget the past, remember the lesson. I am very selective with who I am bad with. I don't harm others with my tongue and hands. I make my Life better not by chance but by change. I stop & reflect on my Life Choices. I teach myself.

I keep my mind with my body. I am insignificant in my own eyes. I stick to my Plan. I know when to start and when to stop. I know when to speak up and when to shut up. I know when to attach and when to detach. I know when to push myself or when to rest myself. I focus on myself not others. I compete with myself. I analyze or re-analyze my wants and needs. I forgive but never forget. I don't care what other people think. I am a combination of Selflessness and Selfishness. I Love all but Trust a few. I have a keen Eye for detail. I believe in myself. I am Patient.

I only complain my suffering and my grief to Allah. I put God first; everything falls into their proper place.

Prof. Dr. Syed Shahid Ali

JAMIA MILLIA ISLAMIA
(A Central University by an Act of Parliament)
Maulana Mohammad Ali Jauhar Marg, New Delhi-110025

जामिया मिल्लिया इस्लामिया
(संसदीय अधिनियमानुसार केन्द्रीय विश्वविद्यालय)
मौलाना मुहम्मद अली जौहर मार्ग, नई दिल्ली-११००२५
E-mail : mishaque@jmi.ac.in, Website : jmi.ac.in

جامعہ ملیہ اسلامیہ
(پارلیمانی ایکٹ کے تحت ایک مرکزی یونیورسٹی)
مولانا محمد علی جوہر مارگ، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۵

Department of Islamic Studies
Jamia Millia Islamia, New Delhi - 110025

डिपार्टमेंट आफ इस्लामिक स्टडीज
जामिया मिल्लिया इस्लामिया, नई दिल्ली-११००२५

شعبۂ اسلامک اسٹڈیز
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۵

پیغام

مجلّہ صدائے جوہر کا بنیادی مقصد طلبہ کی مخفی صلاحیتوں کو بیدار کرنا اوران میں نکھار پیدا کرنا ہے۔ یہ ایک دیواری مجلّہ ہے، جس کے ذریعے یہ کوشش ہوتی ہے کہ طلبہ وطالبات اس میں مضامین لکھیں اوران کے اندر زبانِ قلم سے اپنی بات کہنے کا سلیقہ پیدا ہوجائے۔ صدائے جوہر کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ یہ مجلّہ اپنے مشن میں بڑی حد تک کام یاب ہے، بہت سے طلبہ نے اس رسالے میں مشق کر کے تحریر و تصنیف کی دنیا میں قدم رکھا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ ملک کا ایک نامور تعلیمی ادارہ ہے۔ رواں سال اس ادارے نے اپنا صد سالہ سفر مکمل کیا ہے۔ سو سال کے اس طویل دورانیے میں اس ادارے کی گراں قدر خدمات رہی ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ بزم طلبہ، شعبہ اسلامک اسٹڈیز نے صدائے جوہر کے اپنے خصوصی شمارے کے لیے ''جامعہ ملیہ اسلامیہ: صد سالہ تاریخ اور خدمات'' کو اپنا موضوع بنایا ہے۔ یہ بڑا مبارک اور خوش آئند اقدام ہے۔ میں اس میں تعاون دینے والے تمام طلبہ وطالبات کو مبارک باد دیتا ہوں کہ انہوں نے بہت بروقت اور بڑا مناسب فیصلہ کیا ہے، ساتھ ہی میں امید کرتا ہوں کہ صدائے جوہر کے اس شمارے کے ذریعے جامعہ کی سنہری تاریخ کے جو آفاق وگوشے منصۂ شہود پر آئیں گے وہ بعد والوں کے لیے حوالہ بن جائیں گے۔

Mushtaq

ڈاکٹر محمد مشتاق
مشیر، صدائے جوہر

JAMIA MILLIA ISLAMIA
(A Central University by an Act of Parliament)
Maulana Mohammad Ali Jauhar Marg, New Delhi-110025

जामिया मिल्लिया इस्लामिया
(संसदीय अधिनियमानुसार केन्द्रीय विश्वविद्यालय)
मौलाना मुहम्मद अली जौहर मार्ग, नई दिल्ली-११००२५
E-mail : mishaque@jmi.ac.in, Website : jmi.ac.in

جامعہ ملیہ اسلامیہ
(پارلیمانی ایکٹ کے تحت ایک مرکزی یونیورسٹی)
مولانا محمد علی جوہر مارگ، نئی دہلی۔110025

Department of Islamic Studies
Jamia Millia Islamia, New Delhi - 110025

डिपार्टमेंट आफ इस्लामिक स्टडीज
जामिया मिल्लिया इस्लामिया, नई दिल्ली-११००२५

شعبۂ اسلامک اسٹڈیز
جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی۔110025

پیغام

یہ جان کر بے انتہا خوشی اور اطمینان ہوا کہ نامساعد حالات اور مختلف مسائل کے باوجود گزشتہ برسوں کی طرح امسال بھی شعبہ کے طلبہ وطالبات اپنی قلمی کاوشوں کو 'صدائے جوہر' کے توسط سے منظر عام پر لا رہے ہیں۔ اس بار انہوں نے ''جامعہ ملیہ اسلامیہ: صد سالہ تاریخ اور خدمات'' کو اپنا موضوع بنایا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ اس سال پوری آب وتاب اور کامیابی کے ساتھ اپنے سو سال پورے کر رہا ہے، ظاہر ہے کہ اس تاریخی اور یادگار سال میں اس سے بہتر اور موزوں عنوان کوئی دوسرا نہیں ہو سکتا تھا۔ وقت اور حالات اس بات کے شدید متقاضی ہیں کہ قوم وملت کے ساتھ ساتھ آنے والی نسلوں کو اس عظیم الشان ادارے کی روشن تاریخ، اس کی گراں قدر خدمات اور بانیانِ جامعہ کی لازوال قربانیوں سے واقف کرایا جائے تاکہ وہ اپنی زندگیوں میں حتیٰ المقدوران سے روشنی حاصل کر سکیں۔ مجھے قوی امید ہے کہ یہ خصوصی شمارہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔ میں صدائے جوہر کے مدیر ملک محمود، شفیع الرحمان خان اور پوری مجلس ادارت کو اس کے لیے خصوصی طور پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، جن کی دلچسپیوں اور کوششوں سے یہ مجلّہ آن لائن شائع ہو رہا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی ان کی قلمی وعلمی صلاحیتوں میں مزید ترقی اور نکھار پیدا کرے۔ آمین۔

ڈاکٹر محمد اسامہ
سپروائزر، صدائے جوہر

اداریہ

کسی بھی قوم، ملک اورتحریک کی کام یابی اور بقا کا دارومدار اس کے تعلیمی اداروں پر منحصر ہوتا ہے، جو قوم اور ملک جتنا مضبوط ہوگا، اس کا تعلیمی ادارہ بھی اتنا ہی مستحکم ہوگا۔ چنانچہ اگر ہم تاریخ کا جائزہ لیں تو اس روئے زمین پر بہت سے ایسے ادارے موجود ہیں جنہوں نے نہ صرف ملک یا قوم کی تقدیر کو بدلا بلکہ تاریخ کے دھارے کو بھی موڑ دیا۔ ان ہی اداروں میں سے ایک ادارہ جامعہ ملیہ اسلامیہ بھی ہے۔ تحریک آزادی اور تحریک ترکِ موالات کی کوکھ سے جنم لینے والے اس ادارے نے ملک کی آزادی کے لیے جتنی قربانی دی، شاید ہی کسی دوسرے ادارے نے دی ہوگی۔ بہرکیف جامعہ نے اپنے قیام 1920 سے لے کر آج تک تعلیم و تعلم اور انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں انتہائی لائق و فائق افراد فراہم کیے ہیں، نیز اس نے ہمیشہ ملک و بیرون ملک میں بلاتفریق قوم وملت ظلم وستم کے خلاف اپنی آواز بلند کی ہے اور ہر طرح کے مصائب اور پابندیوں کو برداشت کرتے ہوئے پوری دنیا میں اپنی منفرد اور نمایاں پہچان قائم کی ہے، یہی وجہ ہے کہ اسے اس وقت ہندوستان کی مرکزی جامعات میں پہلا مقام حاصل ہوا ہے۔

جامعہ نے روز اول ہی سے اپنے کچھ اہداف اور مقاصد متعین کیے تھے جس کے حصول میں اس نے ہر ممکن کوششیں کیں اور وہ کامیاب بھی رہا ہے۔ امسال وہ اپنے سو (100) سال پورا کرنے والا ہے، اس مبارک موقع پر شعبہ کے طلبہ و طالبات کی تنظیم بزم طلبہ کی جانب سے سالانہ رسالہ ’صدائے جوہر‘ کا خصوصی شمارہ ’جامعہ ملیہ اسلامیہ: صد سالہ تاریخ اور خدمات‘ کے عنوان سے منظر عام پر آرہا ہے۔ اس شمارے میں طلبہ وطالبات نے حتی الامکان کوشش کی ہے کہ جامعہ کی روشن تاریخ اور اس کی خدمات کو اہل علم و دانش کے علاوہ ملک اور قوم کے سامنے پیش کیا جائے۔ یقیناً اس کی اشاعت میں کافی مشکلات پیش آئیں، پہلے CAA اور NRC پھر COVID-19 نے تمام ہم نصابی سرگرمیوں کو معطل کر دیا ہے، لیکن بہر حال ’صدائے جوہر‘ کی ٹیم نے ہمت نہیں ہاری اور اسے آن لائن شائع کرنے کا فیصلہ کیا۔ مجھے قوی امید ہے کہ یہ خصوصی شمارہ اپنے مقاصد میں کام یاب ہوگا۔ میں اس سلسلے میں صدر شعبہ اور بزم طلبہ کے صدر پروفیسر ڈاکٹر سید شاہد علی، ڈاکٹر محمد مشتاق، مشیر بزم طلبہ اور ’صدائے جوہر‘ کے سپروائزر ڈاکٹر محمد اسامہ کا خصوصی طور پر مشکور وممنون ہوں جن کا علمی تعاون اور سرپرستی مجھے اور میری ٹیم کو برابر ملتی رہی۔ میں اس موقع پر اپنے شعبہ کے جملہ اساتذہ کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں مسلسل میری حوصلہ افزائی کی، نیز میں اپنی ٹیم کے ممبران خصوصاً شفیع الرحمن خان، شہوار پرویز، محمد یوسف اور نورین کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے ماہانہ اور سالانہ میگزین ’صدائے جوہر‘ کی کام یابی کے ساتھ اشاعت میں ہر قدم پر میرا ساتھ دیا۔ جزاکم اللہ خیرا۔

ایڈیٹر

ملک محمود

(ایم اے، سال آخر)

محمد یوسف نظامی
(ایم اے، سال اول)

جامعہ ملیہ اسلامیہ کا قیام اور اغراض ومقاصد

ایک مطالعہ

ہندوستان ایک ایسا جمہوریت پسند ملک ہے جہاں برطانوی حکومت صدیوں تک اپنا پنجا جمائے ہوئے تھی اور اس دوران یہاں کے باشندوں کی زندگی غلامی کی چکی میں پسی جارہی تھی، آئے دن نئے نئے قانون اور اصول وضوابط ان پر نافذ کئے جاتے تھے حتی کہ ان پر ظلم وبربریت کے پہاڑ گرائے جاتے تھے۔ ایسے حالات میں ہندوستانیوں کو غلامی کی زنجیروں اور ظلم وستم کے تاریکی سے چھٹکارا دلانے کے لئے پورے ملک میں آزادی کی بگل بجائی گئی جو ان کے لئے خطرہ کی گھنٹی معلوم ہوئی۔ چنانچہ برطانوی حکومت نے ایک نئی چال ''رولٹ ایکٹ'' کی چلی، اسے ہندوستانیوں کے مستقبل کی فکر ہونے لگی اور ان کی ترقی کے لئے ایک نئی تعلیمی پالیسی ''انگریزی تعلیم'' کے نام سے بنائی، نیز اس کے لئے تعلیمی اداروں کو تعاون فراہم کرنے کا اعلان کیا تاکہ ہندوستانیوں کے یقین واعتماد کو حاصل کیا جاسکے۔ اس کے پیچھے ان کا منصوبہ تھا کہ کسی طرح سے ہندوستانیوں کے قدیم رسم ورواج، ان کی تہذیبوں وثقافتوں اور ان کے تعلیمی طور وطریقے کو مٹایا جائے، اور تعلیم یافتہ طبقے کو اپنے یہاں نوکری کے نام پر غلام بنایا جاسکے۔

سابق شیخ الجامعہ ملیہ ڈاکٹر ذاکر حسین اپنے مقالے 'جامعہ ملیہ کیا ہے' میں نقل کرتے ہیں کہ یہ کڑوا سچ ہے کہ حکومت نے موجودہ انگریزی تعلیم اپنی انتظامی ضرروتوں کو پورا کرنے کے لئے شروع کی تھی، اس کا مقصد صرف اتنا تھا کہ دفتروں میں کام کرنے کے لئے انگریزی تعلیم یافتہ لوگ مل جائیں۔ (جامعہ ملیہ اسلامیہ تحریک، تاریخ، روایت، ج ۲، ص ۲۳)۔ اس تعلیم کے ذریعہ ہندوستانیوں کو ذہنی اور جسمانی ہر اعتبار سے کھوکھلا کرنا تھا تاکہ ان میں آزادی اور ذمہ داری کا احساس پیدا نہ ہو، سب سے بڑی خرابی موجودہ تعلیم کی یہ تھی کہ تعلیم کا ذریعہ ملکی زبان کے بجائے غیر ملکی زبان تھی۔

بہرحال ہندستانیوں نے ان کے ناپاک ارادوں کو بھانپ لیا تھا، اس لیے انہوں نے پورے ملک کو اس نئی تعلیمی پالیسی سے محفوظ کرنے کا عزم مصصم کیا اور اس کے خلاف ایک تحریک چلائی ستمبر ۱۹۲۰ء میں کلکتہ اسپیشل کانگریس کے اجلاس میں گاندھی جی نے ترک موالات یعنی 'عدم

تعاون تحریک' پیش کی، یعنی ملک کی حقوق طلبی اور آزادی کے لئے تعلیمی بائیکاٹ کیا جائے، اس کے لئے سرکار کے منظور شدہ اسکولوں اور کالجوں کے لئے سرکاری گرانٹ وامداد نہ لی جائے۔ پورے ملک نے اس تحریک میں حصہ لیا، اس انقلابی بائیکاٹ میں علی برادران، حکیم اجمل خان، ڈاکٹر مختار احمد انصاری، وقار الملک، حسرت موہانی اور عبدالمجید خواجہ وغیرہ جیسی عظیم شخصیتیں پیش پیش رہیں، اس تحریک کی شروعات ۱۲/اکتوبر ۱۹۲۰ء کو گاندھی جی اور محمد علی جوہر کے علی گڑھ کی تقریروں کے ذریعہ اولڈ بوائز لاج میں ایم اے او کالج کے طلبا کے درمیان سے ہوئی، جس میں طلبا سے تعلیمی بائیکاٹ کرنے کو کہا گیا اور کسی غیر برطانوی امدادی اسکولوں اور کالجوں میں تعلیم حاصل کرنے کی تجویز پیش کی گئی۔

آخر کار یہ تحریک اکتوبر کے اخیر تک اپنے عروج پر پہونچ گئی اور اس کی حمایت میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے بہت سے طلبا اپنی تعلیم چھوڑ کر مولانا محمد علی جوہر کے ہمراہ ہو گئے اور کئی دنوں تک بے یار مددگار ٹنٹ میں زندگی گزاری البتہ علم کی دولت سے خود کو آراستہ کرتے رہے لیکن یہ کافی نہ تھا اور اب ان کے لئے ایک ایسا ادارہ قائم کرنے کی سخت ضرورت محسوس کی جانے لگی جو سرکاری امداد سے بلاتر ہو، حالانکہ اس انگریزی تعلیم نے چند سالوں میں ملک کی حالت بدل دی لیکن یہ ملک کے منشا کے خلاف تھی۔ اسی کشمکش کے عالم میں عالم مولانا محمد علی جوہر نے علی گڑھ کالج کی جامع مسجد میں بعد نماز جمعہ اعلان کیا کہ اب یہاں ایک نئے نیشنل کالج کی بنیاد رکھی جائے گی، اور اس کا نام جامعہ ملیہ اسلامیہ ہوگا، لھذا مسلمانوں کو قومی تعلیم دینے کے لئے ۲۹/اکتوبر ۱۹۲۰ء میں علی گڑھ کی زمین پر شیخ الہند مولانا محمود حسن کے دست مبارک سے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بنیاد رکھی گئی۔ وہ دن بہت ہی انقلابی اور تلاطم آمیز دن تھا، شیخ الہند نہایت بیمار اور نحیفی کے باوجود باعث برکت تشریف لائے لیکن ان کا خطبہ مولانا شبیر عثمانی نے عوام کو پڑھ کر سنایا۔ شیخ الہند نے اپنے خطبہ میں اعلان کیا:

''مسلمانوں کی تعلیم مسلمانوں کے ہاتھوں میں ہو اور اغیار کے اثر سے مطلقا آزاد۔ کیا باعتبار عقائد وخیالات اور کیا باعتبار اخلاق و اعمال ہم غیروں کے اثرات سے پاک ہوں۔ ہماری عظیم الشان قومیت کا اب یہ فیصلہ نہ ہونا چاہئے کہ ہم اپنے کالجوں سے بہت سستے غلام پیدا کرتے رہیں بلکہ ہمارے کالج نمونہ ہونے چاہیں، بغداد اور قرطبہ کی یونیورسٹیوں کے اور ان کے عظیم الشان مدارس کے جنھوں نے یورپ کو اپنا شاگرد بنایا اس سے پیشتر کہ ہم اس کو اپنا استاد بناتے''۔ (جامعہ کی کہانی، ج ا، ص ۲۷)

ابھی جامعہ نے صحیح سے اپنا قدم بھی نہیں جمایا تھا کہ شدید سیاسی اور معاشی بحران کا شکار ہوا تو حکیم اجمل خان کے ایما پر جامعہ کو ۷/جولائی ۱۹۲۵ء کو علی گڑھ سے دہلی منتقل کیا گیا اور قرول باغ میں چند کرائے کی عمارتوں کو لے کر نئی تعلیمی زندگی کا سفر شروع ہوا، تقریباً اپنے قیام کے پندرہ سال بعد جامعہ کو اپنی سرزمین نصیب ہوئی اور یکم مارچ ۱۹۳۵ء کو اوکھلا گاؤں میں دہلی کے جنوبی سرے پر اس کی عمارتوں کا سلسلہ شروع ہوا۔ سب سے پہلے مدرسہ ابتدائی کی عمارت تعمیر ہوئی، اگلے سال یہاں زندگی نے انگڑائیاں لینا شروع کر دی اور یہی نئی بستی جامعہ نگر کہلائی، آج یہی مدرسہ پوری دنیا میں جامعہ ملیہ اسلامیہ مرکزی یونیورسٹی کے نام سے معروف ہے۔

جدید ہندوستان کی تاریخ میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی تشکیل ایک قومی اور اصلاحی معنوں میں ہندوستانی یونیورسٹی کے طور پر ہوئی۔ گاندھی جی کی فکر قیادت میں بانیان جامعہ اور اس کے معماروں نے جامعہ کا جو منصوبہ اور خاکہ ترتیب دیا تھا اس میں جدید زندگی کے مطالبات کو مسترد کئے بغیر اپنی روایت اپنی تہذیب وتاریخ اپنے آداب زندگی اور اپنی قدروں کو اولیت حاصل تھی، جامعہ کو کم عرصہ میں ہی ایک مثالی قومی ادارے کی حیثیت حاصل ہوئی۔ اس نے اپنے ابتدائی دور میں گاندھی جی، جواہر لال، علامہ اقبال، اور مولانا ابوالکلام آزاد کو ایک مرکز پر جمع کیا کیوں کہ اس کے مقاصد وسیع اور فرقہ ورانہ مصلحتوں سے یکسر آزاد تھے۔

اغراض ومقاصد

ابتدائی دور میں جامعہ کا کوئی منظم دستور مرتب نہیں ہوا جس میں باقاعدہ اس کے اغراض ومقاصد وضاحت سے بیان کئے گئے ہوں، لیکن اس

کے بانیان یعنی شیخ الہند، مولانا محمد علی، حکیم اجمل خان اور ڈاکٹر انصاری وغیرہ کے خطبوں اور تحریروں میں جن مقاصد کا نچوڑ ملتا ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں:

☆ یہ تعلیم گاہ حکومت کے اثر سے آزاد قومی اور ملی مصالح کی پابند ہو۔

☆ اس کی تعلیم میں دینی اور دنیوی، قدیم وجدید عناصر کا صحیح امتزاج ہو۔

☆ وہ ملک کی آزادی اور ہندوستانی قومیت کی تحریک میں حصہ لے۔

☆ اس میں جدید علوم مادری زبان کے ذریعہ پڑھائے جائیں۔ (جامعہ کی کہانی، ج ۱، ص ۵۱۔ شہید جستجو ص ۹۳)

عابداللہ غازی لکھتے ہیں: ''جامعہ کا قیام کسی مدرسے کا سنگ بنیاد نہیں جو کسی گورنر کے ہاتھوں رکھا گیا ہو بلکہ یہ ایک تحریک کا حصہ ہے جو علی گڑھ میں عملی شکل میں ۲۹ ؍اکتوبر ۱۹۲۰ء کو آ سکا۔ اس لئے جامعہ کے اغراض ومقاصد پر غور کرنے سے زیادہ ان اسباب پر غور کریں جن کی وجہ سے جامعہ کا قیام عمل میں آیا''۔ (ایضاح ۱ ص ۶۶)

حکیم اجمل خان اولین جلسۂ تقسیم اسناد کے موقع پر خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ ''جامعہ کے ذریعہ ایسے مسلمان پیدا کرنا ہے جو اپنے مذہب سے صرف واقف ہی نہیں بلکہ اس پر سختی سے عامل بھی ہوں، جو اپنے ماضی سے آشنا اور مستقبل سے آگاہ ہوں، وہ جدید علوم سے ضرور واقف ہوں لیکن اسلامی طرز زندگی کا نمونہ ہوں''۔ (ایضاح ۱ ص ۷۶)

''مسلمانوں کی تعلیم مسلمانوں کے ہاتھوں میں ہو اور اغیار کے اثر سے مطلقاً آزاد۔ کیا باعتبار عقائد وخیالات اور کیا باعتبار اخلاق واعمال ہم غیروں کے اثرات سے پاک ہوں۔ ہماری عظیم الشان قومیت کا اب یہ فیصلہ نہ ہونا چاہئے کہ ہم اپنے کالجوں سے بہت سستے غلام پیدا کرتے رہیں بلکہ ہمارے کالج نمونہ ہونے چاہیں، بغداد اور قرطبہ کی یونیورسٹیوں کے اور ان کے عظیم الشان مدارس کے جنھوں نے یورپ کو اپنا شاگرد بنایا اس سے پیشتر کہ ہم اس کو اپنا استاد بناتے''۔

ڈاکٹر سید عابد حسین تحریر کرتے ہیں کہ ''ہندستان میں تمام مذاہب ہیں جن کے ساتھ مل کر مسلمانوں کو زندگی بسر کرنا ہے، ملک کے سیاسی، معاشی وغیرہ امور میں اشتراک ضروری ہے، اس لئے ہمارے تعلیمی نصب العین میں یہ بھی داخل ہونا چاہئے کہ بچوں میں ہندوستان کی متحدہ قومیت کا احساس پیدا کرکے انھیں ہندوستانی بناجائے۔ مسلمانوں کو اپنی تعلیم میں یہ تینوں پہلو شخصی، ملی، قومی مدنظر رکھنے چاہئے اور اپنے طلبا کو انسان کامل، سچا مسلمان اور پکا ہندوستانی بنانے کی کوشش کرنا چاہئے''۔ (ایضاح ۱ ص ۲۰۱)

وقارالملک نے تعلیم کے نظام و نصاب کا خاکہ پیش کیا: ''مسلمانوں میں تمام ضروری علوم وفنون کی تعلیم ہو اور یہ علوم اردو زبان کے ذریعہ پڑھائے جائیں اور اعلی قدر ضرورت انگریزی زبان کی تعلیم کا بھی اہتمام ہو۔ مزید کہ دینیات کے اعتبار سے ہر قسم کی تعلیم کا انتظام موجود ہو تا کہ فارغین علوم جدیدہ کے حملوں سے اسلام کی پوری حفاظت کریں اور اسلام کی صداقتوں کا سکہ غیر مذاہب کے دلوں پر بیٹھائیں''۔ (ایضاح ۱ ص ۱۳۲)

ایک مقصد یہ ہے کہ جامعہ میں ہر مسلمان کے لئے عربی زبان لازمی قرار دی جائے کیونکہ یہ زبان دنیا کے تمام مسلمانوں کو ایک تہذیبی رشتے اور امت مسلمہ کے احساس کی زنجیر میں جوڑے ہوئے ہے۔ مزید یہ کہ ہندوستانی مسلمانوں کی آئندہ کی زندگی کے نقشے کو سامنے رکھ کر ان کی تعلیم کا ایک مکمل نصاب بنائے اور اس کے مطابق ہی بچوں کو مستقبل کے لئے تیار کیا جائے۔

عام تعلیم کے بعد جامعہ اپنے طلبہ کے لئے مفید پیشوں کی تربیت کا انتظام کرنا چاہتی ہے،ہائی اسکول تعلیم یافتہ لوگوں کو نجاری، جلد سازی، ڈیری فارمنگ، اور کیمیاوی صنعتوں وغیرہ سکھائی جائے جو مستقبل میں کامیابی کا ضامن ہوں۔ جامعہ کی خواہش ہے کہ طلباء معلم کی تربیت حاصل کر کے تعلیمی مجاہدین کی حیثیت سے ملک میں ابتدائی تعلیم کی اصلاح اور اشاعت کی کوشش کریں۔

جامعہ کی قومی تعلیمی پالیسی

جامعہ کی مجلس تاسیس نے اپنے پہلے ہی جلسے میں کچھ ایسے فیصلے لیے تھے جو تعلیمی پالیسی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس کی روشنی میں مولانا محمد علی جوہر نے مسلمانوں کی قومی تعلیم کی اسکیم جو بنائی تھی وہ حسب ذیل ہیں:

☆ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں غیر مسلم طلبہ کو بھی داخل کیا جائے گا۔

☆ ہر طالب علم کو اس کے اپنے مذہب کی تعلیم دی جائے گی۔

☆ مسلمان طلبا کو عربی زبان سکھائی جائے اور ہندو طلبا کو سنسکرت۔

☆ اردو ذریعہ تعلیم ہوگی اور انگریزی کی تعلیم ثانوی زبان کی حیثیت سے دی جائے گی۔

☆ نظری تعلیم کے ساتھ پیشہ ورانہ تعلیم کا بھی انتظام کیا جائے گا۔

☆ ہر صوبے کے اسکول اور کالج کا جامعہ سے الحاق ہو اور ان کی نگرانی کے فرائض انجام دی جائیں۔

حاصل کلام

اگر ان تمام مقاصد کی روشنی میں عصر حاضر میں جامعہ کا جائزہ لیں تو حتی الامکان اپنے مقاصد کے مطابق جامعہ ترقی کی منزلیں طے کرتا نظر آرہا ہے، مثلاً جامعہ کی تعلیم کا ذریعہ اردو ہے البتہ اس میں ہندی اور انگریزی کو بھی شامل کرلیا گیا ہے لیکن انگریزی زبان کو اولیت حاصل ہے۔ ہر مذہب کے طالب کو داخلہ ملتا ہے اور اسے اس کے مذہب کی تعلیم دی جاتی ہے۔ بہت سے مدارس ملحق ہیں، جامعہ کو مرکزی یونیورسٹی کا درجہ بھی مل گیا جو ان کے بانیان کی خواہش تھی کہ جامعہ ایک مسلم قومی یونیورسٹی بنے، پیشہ ورانہ تعلیم بھی فراہم کی جاتی ہے۔ چنانچہ یہاں کے فارغین کی ایک بڑی تعداد ملک و بیرون ملک میں کامیابی کے ساتھ مختلف میدانوں میں اپنی خدمات انجام دے رہی ہے۔

***

حوالاجات:

(۱) جامعہ ملیہ اسلامیہ: علمی اور تہذیبی وراثت — ڈاکٹر ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز

(۲) جامعہ کی کہانی ح اول — عبدالغفار مدھولی

(۳) شہید جستجو — ضیاء الحسن فاروقی

(۴) جامعہ ملیہ اسلامیہ: علمی اور تہذیبی وراثت — ڈاکٹر ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز

(۵) ڈاکٹر ذاکر حسین شخصیت و معمار — قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

(۶) افکار ذاکر — اختر الواسع و فرحت احساس

(۷) جامعہ ملیہ اسلامیہ تحریک، تاریخ، روایت

محمد عبدالرحمن
(بی اے، سال اول)

شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن دیو بندی

(حیات وخدمات)

تعارف:

آپ دارالعلوم دیوبند کے سب سے پہلے طالب علم، شیخ العالم، المعروف بہ شیخ الہند، اسیر مالٹا، ہزاروں علما کے مربی واستاذ، اپنے دور کے محدث ومفسر، دارالعلوم دیوبند کے صدر المدرسین وشیخ الحدیث، ریشمی رومال تحریک کے بانی، عظیم مجاہد اور جنگ آزادی کے علمبردار تھے۔

ولادت:

حضرت شیخ الہندؒ کی پیدائش 1268ھ مطابق 1851ء میں بمقام بانس بریلی یوپی میں ہوئی، جہاں آپ کے والد ماجد حضرت مولانا ذوالفقار علی صاحبؒ بوجہ ملازمت مع اہل وعیال مقیم تھے۔

والد محترم نے آپ کا نام محمود حسن رکھا، اور تاریخی نام بعض علماء نے 'ولد ذوالفقار علی' تجویز کیا۔ آپ نے قرآن مجید اور فارسی کی ابتدائی کتابیں میاں جی منگلوریؒ سے پڑھیں اور تعلیم وتربیت کتب عربیہ اپنے چچا مشہور عالم حضرت مولانا مہتاب علی سے پڑھیں، قدوری اور شرح تہذیب پڑھ رہے تھے کہ دارالعلوم دیوبند کا قیام عمل میں آیا، آپ اس میں داخل ہو گئے۔

علوم وتقویٰ میں یگانہ روزگار شخصیت اور درس وتدریس:

حضرت شیخ الہندؒ کی اعلیٰ علمی و ذہنی صلاحیتوں کے پیش نظر دارالعلوم دیوبند کی مدرسی کے لیے اکابر کی نظر انتخاب آپ پر پڑی اور 1291ھ میں مدرس چہارم کی حیثیت سے آپ کا تقرر عمل میں آیا۔

حضرت شیخ الہند نے اپنی تدریسی زندگی کے آغاز سے بڑی محنت اور جاں فشانی کے ساتھ دارالعلوم دیوبن کی خدمت کی۔ کبھی کبھی آپ کے ذمہ 19/ کتابوں کا سبق متعلق ہوتا تھا اور آپ مغرب وعشا اور فجر کے بعد بھی اسباق پڑھاتے تھے۔ حضرت نانوتویؒ کی وفات کے حادثہ جانکاہ کی وجہ سے تدریسی سلسلہ موقوف کر دیا تھا لیکن پھر حضرت مولانا شاہ رفیع الدین دیوبندیؒ مہتمم دارالعلوم دیوبند کے اصرار کے بعد دوبارہ مسند تدریس سنبھالی۔

1308ھ مطابق 1890ء میں حضرت مولانا سید احمد دہلویؒ کے بعد دارالعلوم دیوبند میں صدارت تدریس کے منصب پر فائز ہوئے۔ دارالعلوم دیوبند صدارت تدریس کا مشاہرہ اس وقت 75/ روپیہ تھا، مگر آپ نے 50 روپے سے زیادہ کبھی قبول نہیں فرمائے، بقیہ 25/ روپے

دارالعلوم کے چندے میں شامل فرمادیتے تھے۔

ظاہری علم وفضل کی طرح باطن بھی آراستہ تھا۔طریقت کی تحصیل حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کی بارگاہ میں کی۔ جب آپ کوسلوک و تصوف میں کمال حاصل ہوگیا تو حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکیؒ کوتحریر فرمایا کہ مولوی محمود حسن اب اس مقام پر پہنچ چکے ہیں کہ حضرت کی طرف سے ان کواجازت وخلافت عنایت فرمادی جائے۔ جب تک حضرت حاجی صاحبؒ حیات تھے، حضرت گنگوہی بالعموم خوداجازت وخلافت دینے کے بجائے آپ سے سفارش کرتے تھے اورحضرت حاجی صاحبؒ اجازت وخلافت کی تحریر بھیج دیتے تھے، پھراس کے بعد آپ بھی اپنی طرف سے اجازت وخلافت دے دیتے تھے۔

حضرت شیخ الھند ورو ظائف ، شب بیداری اورتہجد گزاری کے ہمیشہ پابند رہے۔جن ایام میں آپ اٹھارہ انیس اسباق پڑھاتے تھے،عشاء اور فجر کے بعد بھی درس ہوتا تھا، رات میں مطالعہ بھی کرتے تھے اورشب بیداری کے معمول میں کبھی فرق نہیں آتا تھا۔

اسارت مالٹا کے زمانے میں جب کہ وہاں کی سردی اور برفانی ہوائیں نوجوان ہمراہیوں کے لیے ناقابل برداشت تھیں، آپ بڑھاپے اور لاغری کی حالت میں بھی رات کواخیر پہراٹھ کراپنے مولیٰ سے رازونیاز میں مصروف ہوجاتے۔

آپ کی زندگی میں بڑی سادگی تھی۔گفتارو کردار، عادات واطواراورلباس وغیرہ میں کسی طور پر برتری کا اظہارنہیں فرماتے تھے۔تواضع وخاکساری طبیعت میں بہت زیادہ تھی۔غربا اورمعمولی آدمیوں میں رہنا پسند فرماتے تھے۔ امرا اور اہل دنیا کے تکلفات سے گھبراتے تھے۔بڑے فقیہ تھے،نقلی وعقلی علوم میں پوری مہارت تھی۔تاریخ کا مطالعہ بھی بڑاوسیع تھا۔شعروادب سے بھی لگاؤ تھااور بہت زیادہ اشعار یاد تھے۔خودبھی شاعر تھے۔آواز صاف تھی،کلام میں ایجاز تھا۔درمانہ قدتھا۔چلنےاور بات کرنے میں بڑاوقارتھا۔آپ کے چہرے سے ہمت اورتواضع کے آثارنمایاں تھے،عبادت اورمجاہدہ کانور ٹپکتا تھا۔احباب اورتلامذہ کےساتھ انبساط کے باوجودوقاراورہیبت کااثر دکھائی دیتا تھا۔

ہندوستان میں سلطنت مغلیہ کےزوال کےبعدآزادی وطن کی تحریک کاتذکرہ ہویاآزادی وطن میں مسلمانوں کےفخرومباہات کا ذکر،مجاہدین کی جاں سپاریوں کاذکرہویاانقلاب وبغات کی بے مثال منصوبہ بندی کا،ہرموقعہ پرتدبروفراست،بصیرت وسیاست دانی اوربےمثال انقلابی قربانیوں کے لیےحضرت شیخ الہندؒ کانام نہایت ادب واحترام اورپورےاحساس عظمت کےساتھ لیاجاتا ہے۔حضرت شیخ الہندان علماءدیوبند کےسچےوارث تھے جنھوں نےدارالعلوم کاقیام ہی اس جذبہ سےکیاتھاکہ اس سےعلما وفضلاکی ایک ایسی جماعت تیارہوجوایک طرف مسلمانوں کے دین وایمان کی حفاظت اوراسلامی ورثہ وتہذیب کےفروغ میں نمایاں حصہ لےتودوسری طرف مغربی استعمارسےہندوستان کو آزادکراکرمسلمانوں کوسیاسی ومذہبی آزادی عطاکرے۔

تالیفات وتصنیفات:

اپنے وسیع علم اورکثرت درس کے باعث تالیف وتصنیف کی طرف زیادہ توجہ نہ دے سکے۔ابتدائی پچیس تیس سال تو درس وتدریس میں مشغول رہےاوراس کے بعدتازندگی مجاہدانہ سرگرمیوں میں مصروف رہے۔مگراس کے باوجودآپ نے نہایت قابل اور ماہرین علم وفن شاگردوں کی

ایک جماعت کے ساتھ گراں قدر علمی ورثہ بھی چھوڑا جو حسب ذیل ہے:

ترجمہ قرآن کریم: اردو کا مقبول ترین ترجمہ، سورہ نساء تک آپ کے حواشی بھی ہیں جنھیں بعد (۱) میں حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی نے مکمل کیا۔ سعودی حکومت کی طرف سے بھی شائع ہو چکا ہے۔ (۲) الابواب والتراجم، صحیح بخاری کے تراجم ابواب کی مختصر شرح (۳) تقریر ترمذی عربی (۴) حواشی وتعلیقات علی سنن ابی داؤد (۵) حاشیہ المعانی۔

ملکی وملی خدمات:

ہندوستان میں سلطنت مغلیہ کے زوال کے بعد آزادی وطن کی تحریک کا تذکرہ ہو یا آزادی وطن میں مسلمانوں کے فخر ومباہات کا ذکر، مجاہدین کی جاں سپاریوں کا ذکر ہو یا انقلاب وبغات کی بے مثال منصوبہ بندی کا، ہر موقعہ پر تدبر وفراست، بصیرت وسیاست دانی اور بے مثال انقلابی قربانیوں کے لیے حضرت شیخ الہندؒ کا نام نہایت ادب واحترام اور پورے احساس عظمت کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ حضرت شیخ الہند ان علماء دیوبند کے سچے وارث تھے جنھوں نے دارالعلوم کا قیام ہی اس جذبہ سے کیا تھا کہ اس سے علما وفضلا کی ایک ایسی جماعت تیار ہو جو ایک طرف مسلمانوں کے دین وایمان کی حفاظت اور اسلامی ورثہ وتہذیب کے فروغ میں نمایاں حصہ لے تو دوسری طرف مغربی استعمار سے ہندوستان کو آزاد کرا کر مسلمانوں کو سیاسی ومذہبی آزادی عطا کرے۔

سب سے پہلے آپ نے فضلا دیوبند کو ذہنی وفکری اعتبار سے مستحکم ومنظم کرنے کے لیے انجمن ثمرۃ التربیت قائم فرمائی۔ پھر جمعیۃ الانصار قائم فرمائی جس کا مقصد عامۃ المسلمین میں دارالعلوم کی مرکزیت کا احساس پیدا کرنا اور دارالعلوم کے اثرات کی ترویج واشاعت اور اس کو ہمہ گیر بنانا تھا۔ اسی جمعیۃ کے فارم سے آپ نے اپنے شاگردوں کو تیار کرنا شروع کیا۔ حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ اس کے سکریٹری تھے۔ بعد میں مختلف وجوہات کی بنیاد پر نظارۃ المعارف القرآنیہ نام کی نئی تنظیم قائم کی گئی۔ اسی دور میں عالم اسلام میں کافی سنگین حالات پیدا ہو رہے تھے اور جنگ طرابلس وبلقان کی وجہ سے مسلمانوں میں ہیجان پھیلا ہوا تھا۔

حضرت شیخ الہند نے ہندوستان سے برطانوی حکومت کے اقتدار کو ختم کرنے کے لیے ایک اسکیم تیار کی، یہ 1330ھ/مطابق 1930 کا زمانہ تھا، آپ نے مسلح انقلاب کے ذریعہ برطانوی گورنمنٹ کا تختہ الٹ دینے کا نقشہ تیار کیا۔ اس کے لیے آپ نے نہایت منظم طور پر اپنا پروگرام مرتب کیا تھا، آپ کے شاگردوں اور رفقا کار کی ایک بڑی جماعت جو ہندو بیرون ہند کے اکثر ممالک میں پھیلی ہوئی تھی، آپ کے مجوزہ پلان کو عملی جامہ پہنانے کے لیے نہایت سرگرمی اور جاں بازی کے ساتھ کوشاں تھی۔ شاگردوں میں حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ، حضرت مولانا محمد میاں منصور انصاریؒ اور ہندوستان اور باہر کے بہت سے نمایاں افراد اس میں شامل تھے، جنھوں نے حضرت شیخ الہندؒ کے سیاسی اور انقلابی پروگرام کے لیے اپنی زندگیاں وقف کر دیں۔ دراصل آپ آزادئ ہند کے خواہاں تھے، آپ اسلامی حکومتوں کے تعاون سے اپنے ملک کو آزاد کرانا چاہتے تھے۔

حضرت شیخ الہند کے اسی پروگرام کے تحت حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ نے افغانستان میں آزاد ہندوستان کی حکومت قائم کی جس کے سربراہ راجہ مہندر پرتاب سنگھ، مولانا برکت اللہ بھوپالیؒ وزیر اعظم اور حضرت مولانا عبید اللہ سندھیؒ وزیر داخلہ تھے۔ اسی وقت عام خیال یہ تھا کہ طاقت کے بغیر ہندوستان سے انگریزوں کا نکالنا ممکن نہیں ہے، اس کے لیے سپاہ اور اسلحہ کی ضرورت ہے، ان چیزوں کی فراہمی کے لیے افغانستان اور ترکی کا انتخاب کیا گیا۔ حضرت شیخ الہندؒ نے اپنی مجوزہ اسکیم کو کامیاب بنانے کے لیے پیرانہ سالی کے باوجود 1333ھ مطابق 1915 میں حجاز کا سفر فرمایا۔ وہاں کے ترکی گورنر غالب پاشا اور انور پاشا سے جو اس وقت ترکی کے وزیر جنگ تھے ملاقات فرما کر بعض اہم امور طے کیے۔ اس وقت جنود ربانیہ کے نام سے ایک مسلم فوج قائم کی گئی جس کا مرکز مدینہ منورہ تھا، کمانڈر انچیف عثمانی خلیفہ تھے اور حضرت شیخ الہندؒ اس آرمی کے کمانڈر جنرل تھے۔ اس فوج میں عالم اسلام کے متعدد اہم مسلم کمانڈر اور قائدین شریک تھے۔ حضرت شیخ الہندؒ حجاز سے براہ بغداد بلوچستان ہوتے ہوئے سرحد

کے آزاد قبائل میں پہنچنا چاہتے تھے کہ اچانک جنگ عظیم شروع ہوگئی۔اسی دوران شریف حسین والی مکہ مکرمہ نے انگریز حکام کے ایماء پر آپ کو گرفتار کر کے ان کے حوالے کر دیا۔حضرت شیخ الہندؒ کے ساتھ حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ، حضرت مولانا عزیر گل سرحدیؒ، حضرت مولانا حکیم نصرت حسینؒ، اور حضرت مولانا وحید احمد فیض آبادیؒ کی گرفتاری بھی عمل میں آئی۔حضرت شیخ الہند کو پہلے مصر اور پھر وہاں سے جزیرہ مالٹا لے جایا گیا، جو برطانوی قلم رو میں جنگی مجرموں کے لیے محفوظ ترین مقام سمجھا جاتا تھا۔برطانوی حکومت کو حضرت شیخ الہند اور ان کے رفقائے کار کی تحریک اور پروگرام کی اطلاع مل گئی تھی۔

برطانوی حکومت کے کاغذات میں اس تحریک کو ریشمی رومال سازش کیس (Silk Letter Conspiracy Case) کے نام سے یاد کیا گیا ہے اور سیکڑوں صفحات پر مشتمل یہ فائل آج بھی انڈیا آفس لندن میں محفوظ ہے۔

جنگ عظیم ختم ہونے پر حضرت شیخ الہندؒ کو ہندوستان آنے کی اجازت ملی، آپ کو تقریباً تین سال دو ماہ جزیرہ مالٹا کی جیل میں نظر بند رہنا پڑا، اور 20 رمضان المبارک 1338ھ مطابق 8 رجون 1920ء کو ایک بجے دن کو آپ نے ساحل بمبئی پر قدم رنجہ فرمایا۔اہل ہند نے نہایت تزک واحتشام کے ساتھ آپ کا استقبال کیا۔استقبال کرنے والوں میں حضرت مولانا حافظ محمد احمدؒ، حضرت مولانا عبدالباری فرنگی محلیؒ، حضرت مولانا محمد علی جوہرؒ، تحریک خلافت کے روح رواں حضرت مولانا شوکت علیؒ، حضرت مولانا حکیم محمد حسنؒ، حضرت مولانا حافظ محمد طیب قاسمیؒ مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا حافظ محمد طاہر قاسمیؒ، موہن داس کرم چند گاندھی جی اور علمی وسیاسی دنیا کی ممتاز شخصیتیں شامل تھیں۔تحریک خلافت کے جلسہ عام میں آپ کو سپاس نامہ پیش کیا گیا۔اس اجلاس میں ہندوستان کے اکابر ملت نے متفقہ طور پر آپ کو 'شیخ الہند' کا خطاب دیا۔مالٹا سے واپسی کے بعد حضرت شیخ الہندؒ کی صحت بگڑ چکی تھی، پیرانہ سالی اور قید و بند کے باعث نہایت ضعیف ہو گئے تھے، مگر بایں ہمہ آپ نے شدومد کے ساتھ سیاسی کاموں میں حصہ لیا اور ہندوستان کے طول وعرض میں تمام شہروں کا دورہ کرنے کی ٹھان لی۔علی گڑھ گئے اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کی بنیاد ڈالی، خطبہ دیا اور ترک موالات کا فتویٰ جاری کیا۔

حضرت شیخ الہندؒ کے کارناموں کا باب ہندوستان کی سیاسی واسلامی تاریخ میں جلی حروف سے اسی لیے لکھا گیا کہ انہوں نے تنہا اتنا عظیم الشان کارنامہ انجام دیا جو بڑی سے بڑی تنظیم اجتماعی طاقت کے بل بوتے پر انجام دیتی ہیں۔یہ حضرت شیخ الہندؒ کی بے پناہ قوت ارادی اور عزم و حوصلہ کا کرشمہ تھا جس کے سامنے اسلامی ہند کا سر ہمیشہ خرم رہے گا اور سرزمین ہند ہمیشہ ان کی خدمت میں ندرانہ عقیدت پیش کرتی رہے گی۔

وفات:

مسلسل جدوریاضت، قید و بند اور پیرانہ سالی کے باعث بالآخر 18 ربیع الاول 1339ھ مطابق 30 رنومبر 1920 بروز منگل کی صبح کو دہلی میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا، جنازہ دیوبند لایا گیا اور اگلے روز حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی قدس سرہ کی قبر مبارک کے قریب یہ گنجینہ فضل وکمالات سپرد خاک کیا گیا۔

محمد رفیع

(ایم اے، سال اول)

حکیم اجمل خان

اربابِ حل وعقد، صاحبِ فہم وفراست حضرات پر یہ بات ظاہر وعیاں کہ جن لوگوں نے جامعہ کو ہمہ تن گوش ہوکر بے مثال کاوشوں اور لائق تحسین کوششوں سے سجایا ہے ان میں نمایاں طور پر حکیم اجمل کا نام سرفہرست ہے، جن کی کاوشوں سے اور ان تھک کوششوں سے جامعہ علی گڑھ سے منتقل ہوکر 'کرول باغ' میں مستحکم ہوا، جنہوں نے جامعہ کا ہر تنگ وقت میں ساتھ دیا اور اس کی ترقی اور نشونما کے لیے ہر ممکن منظم کوششیں کیں لہٰذا درج ذیل میں قدرے تفصیل موجود ہے۔

نام ونسب

حاذ الملک، مسیح الملک حکیم بے مثال جناب حکیم اجمل خان صاحب کی پیدائش 17 ر شوال المکرم بمطابق 11 ر فروری 1868 میں دہلی کی سرزمین پر ہوئی، آگے چل کر جنہوں نے سیاست وطبیت اور تعلیم کے میدان میں کلیدی کردار ادا کیا۔

خاندان:

حکیم اجمل خان کے خاندان میں علم طب کے ماہرین گزرے ہیں اور یوں سمجھئے کہ حکیم اجمل صاحب کو علم طب وراثت میں ملا ہے، کیونکہ آپ کے والد ماجد حکیم محمود خان ایک ماہر حکیم اور حاذق تھے اور ان کے والد صادق علی بھی علم طب میں مہارت عظمیٰ رکھتے تھے اور ان کے والد شریف بھی ایسے حکیم تھے جن کی دہلیز پر ہزاروں مریضوں کا ہجوم ہمہ وقت رہتا تھا، جن کی نسبت سے یہ خاندان شریف خاندان کہلاتا ہے۔

تعلیم وتربیت:

حکیم اجمل خان کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی یعنی حسب معمول (اس وقت استاذ چھوٹے بچوں کو گھر پڑھانے آتے تھے جیسا کہ آج بھی یہ روایت باقی ہے) ان کو ایک استاذ گھر پڑھانے آتے تھے چند سال گزرنے کے بعد طبیہ تعلیم کا آغاز ہوا جس کے شروعات والد ماجد اور بھائی عبدالمجید کے ذریعے ہوئی، تکمیل کا کام شریف خاندان کے چشم وچراغ ماہر طب جناب غلام رضا خان نے ادا کی اور اس طرح سے سلسلہ وار تعلیم جاری رہی حتی کہ 18 سال کی دہلیز تک پہنچتے پہنچتے متفرق علوم وفنون مثلاً منطق، فلسفہ، طب، حدیث، تفسیر فقہ اور عقائد وغیرہ میں مہارت تامہ حاصل کرلی اور ایسے نایاب جوہر بن کر ابھرے کہ جوق در جوق لوگ مسافات طویلہ طے کرکے ان کے در پے آتے، اور علم وفن کے اس چشمے سے اپنی طلبِ علم کی تشنگی بجھاتے۔

علم طب کی خدمات:

آپ کے بھائی عبدالمجید بھی بڑے پائے کے حکیم تھے لہٰذا اس زمانے میں سر سید خان نے تعلیمی تحریک کا آغاز کیا۔ اس تحریک سے متاثر ہوکر بھائی عبدالمجید نے 1882ء میں طبیہ کالج کی بنیاد ڈالی، جس میں اجمل خان نے بے لوث خدمات انجام دیں اور ماہرین سے مشورہ کر کے جدید طرز کے آلات اس طبیہ کالج میں مہیا کرائے اور علاج و معالجہ کا جدید طریقہ متعارف کرایا۔ 1892 آپ کا تقرر میڈیکل آفیسر کی حیثیت سے شہر ُرام پور ُ میں ہوا جہاں نواب آف رام پور سے آپ کی شناخت ہوئی اور ان سے دوستانہ تعلق قائم ہوئے، نواب صاحب حکیم صاحب سے محوِ گفتگو ہو کر فرحت و شادمانی سے ہمکنار ہوتے تھے۔ 1902 میں آپ دہلی آئے اور یہاں ایک ُمجلہ طبیہ ٗ کا آغاز فرمایا جس کی ادارت سید عبدالرزاق کرتے اور سرپرستی کے فرائض حکیم واصل خان انجام دیتے جس میں منفرد دعاؤں کی دستیابی اور مرکب دواؤں کی شناسائی ہوتی تھی جو تیار کی جاتی تھی اور اس مقصد کے حصول کے لیے حکیم صاحب نے ُیونانی اینڈ ویدک میڈیسنز لمیٹڈ کمپنی ٗ کی بنیاد ڈالی جس کا مقصد جدید ادویات کی استعدادی تھا اور اس سلسلے میں 1906 میں رامپور میں ایک بڑی کانفرنس منعقد کی جس میں علم طب کے ماہرین کی ایک جماعت کو مدعو کیا گیا، اس سلسلے میں ایک کتاب بنام ُحاذق ٗ 1917 میں تصنیف فرمائی جس میں کثیر اعضا خصوصاً اعضائے رئیسہ کا بے مثال علاج ہے، اور ضخامت 562 اوراق پر مشتمل ہے۔

سیاست کے میدان میں نمایاں مقام:

حصول آزادی میں بھی اجمل خان صاحب نے ایک مفکرانہ کردار ادا کیا ہے اس بات کا اندازہ اس امر سے کیا جا سکتا ہے کہ آپ ہی وہ شخصیت ہیں جنھوں نے تحریک عدم تعاون کی صدارت کا عہدہ بھی سنبھالا ہے، تحریکِ خلافت کی قیادت کا ذمہ بھی لیا ہے اور انڈین نیشنل کانگریس کی صدارت کے فرائض بھی انجام دیے ہیں یہ واحد ایسے شخص ہیں جو تین معروف تحریکات کے صدر رہ چکے ہیں۔

سیاست کے عنوان پر ایک رسالہ بنام ُاکمل الاخبار ٗ بھی جاری کیا جس میں ابھرتی ہوئی افکار و نظریات برائے آزادی کی دل کھول کر تشریح کی جاتی تھی اس کے علاوہ وہ مسلم لیگ کی سنگ بنیاد میں بھی معاون رہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ 1906 میں علی گڑھ کا سالانہ اجلاس ڈھاکہ میں ہونے والا تھا اور وہیں پر سلیم اللہ حکیم حبیب الرحمن خان نواب وقار الملک نے جماعت کی بنیاد ڈالنے کے سبب ایک پروگرام سجایا جس کی تائید میں حکیم اجمل صاحب نے بھی حصہ لیا ہے، مگر فطرتاً وہ کانگریس پارٹی سے متاثر تھے جس کا اندازہ ُاکمل الاخبار ٗ کے مضامین سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔

جامعہ کی تاسیس:

جامعہ کی سنگ بنیاد 29/ اکتوبر 1920 میں علی گڑھ میں پڑی اور پانچ سال کے بعد یہ ادارہ منتقل ہو کر ُکرول باغ ٗ بر مشورہ حکیم اجمل صاحب پہنچا اور پھر وہاں سے ذاکر نگر مستقل مستحکم ہو گیا۔

خطابات:

آپ کی بے لوث خدمات کا اعتراف عوام کے ساتھ ساتھ حکومت بھی کرتی تھی جس کے نتیجے میں چند خطابات گورنمنٹ نے آپ کو دیے مثلاً افتتاحِ زمانہ طبی مدرسہ جس کا افتتاح پنجاب کے لیفٹیننٹ گورنر یو ٹی این کی اہلیہ نے کیا تھا اس موقع پر حکومت نے ان کو ُحاذق الملک ٗ کا خطاب دیا اور اس کے علاوہ ُقیصر ہند ٗ اور ُمسیح الملک ٗ خطابات سے بھی حکومت نے آپ کو نوازا۔

وفات:

1927 میں رامپور میں حکیم صاحب کا انتقال ہوا اور نمازِ جنازہ دہلی لا کر جامع مسجد دہلی میں ادا کی گئی اور خواجہ سید حسن رسول کے قریب پہاڑ گنج میں تدفین کی گئی، اس طرح اس شخصیت نے دارِ فانی سے دارِ بقا کی طرف کوچ کیا۔

نورین فیض
(بی اے، سال دوم)

مولانا عبیداللہ سندھی : ایک مثالی شخصیت

عبیداللہ سندھی مارچ 1872 میں سیالکوٹ کے قریب ایک گاؤں 'چیانوالی' میں پیدا ہوئے۔ ولادت سے پہلے ہی آپ یتیم ہو چکے تھے۔ آپ کے آباؤ واجداد سکھ مذہب سے تعلق رکھتے تھے۔ چھ سال کی عمر میں آپ نے اپنی والدہ کی سرپرستی میں ابتدائی تعلیم حاصل کرنی شروع کی۔ ابتدائی ہی سے آپ کی زندگی میں بے شمار مصائب کا سامنا ہوتا رہا ہے۔ 1884ء میں جب کہ آپ کی عمر صرف بارہ سال تھی، ماں بہنوں اور عزیزوں کا خیال کیے بغیر حق کی تلاش میں نکل گئے۔ قدرت کی طرف سے آپ کو ایسی طبیعت عطا ہوئی تھی جو تمام مذاہب کی اصل غایت یعنی خدا شناسی تک پہنچنے کے لئے بیتاب تھی۔ اسی بیتابی نے آپ کو سندھ پہنچا کر حقیقی دین سے سرفراز کیا۔

تعلیمی زندگی: قبول اسلام کے بعد 1888 میں دیوبند گئے اور وہاں دارالعلوم میں داخلہ لیا اور تفسیر وحدیث، فقہ ومنطق وفلسفہ کی تکمیل کی۔ عبیداللہ سندھی کا دیوبند میں جب تک قیام رہا، مولانا محمودالحسن دیوبندی کی خاص نظر رہی۔ شیخ الہند کی مسلسل توجہات نے عبیداللہ سندھی کو ہندوستان کا ولی ثانی بنا دیا۔ 1897 میں حضرت شیخ الہندؒ نے انھیں سیاسی کام کرنے کا حکم دیا۔ 1901 میں آپ نے حیدرآباد میں ایک مرکز 'دارالرشاد' کے نام سے قائم کیا اور سات سال تک آپؒ نے علمی اور سیاسی کام سرانجام دیئے۔ 1909 میں سندھ سے آپؒ دیوبند منتقل ہو گئے اور 'جمعیت الانصار' قائم کی۔ جس میں دارالعلوم دیوبند کے فاضلین کی تعلیم وتربیت کا نظام اور تحریکِ حریت پیدا کرنے کے لیے جلسے منعقد کیے گئے۔

ملی خدمات: 1913ء میں آپؒ نے قرآن حکیم کی تفسیر 'الفوز الکبیر' کے اصولوں کی روشنی میں سمجھانے کے لیے دہلی میں 'نظارۃ المعارف القرآنیہ' کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا۔ 1915 میں آپؒ حضرت شیخ الہندؒ کے حکم سے کابل جانے کے لیے روانہ ہوئے۔ سات سال کابل رہ کر آپؒ نے ایک جماعت 'جنودُ اللہ الربانیہ' کے نام سے قائم کی، جو ہندوستان، افغانستان کی آزادی کے لیے جدوجہد اور کوشش کرتی رہی۔ 1924 کو ہندوستان کے مستقبل کے سیاسی اور معاشی اُمور کو حل کرنے کے لیے' آزاد برصغیر کا دستوری خاکہ' جاری فرمایا۔ 1926 میں مکۃ المکرمہ تشریف لائے اور دینی تعلیمات کی روشنی میں قومی جمہوری دور کے تقاضوں کے مطابق ایک پروگرام ترتیب دیا۔ آپؒ نے شاہ ولی اللہ کے فلسفے کو سمجھانے کے لیے دہلی، لاہور، کراچی، پیر جھنڈا اور دین پور میں بیت الحکمت کے مراکز کھولی، جہاں نہایت سرگرمی سے نوجوانوں کی تربیت فرماتے رہے۔

تصانیف : 1۔ذاتی ڈائری 2۔خطبات ومقالات 3۔شعور وآگہی 4۔شاہ ولی اللہ اور ان کا فلسفہ 5۔فکر ولی اللہی کا تاریخی تسلسل 6۔قرآنی شعور انقلاب 7۔قرآن کا مطالعہ کیسے کیا جائے 8۔مجموعہ تفاسیر امام سندھی 9۔شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک 10۔تفسیر المقام المحمود

وفات: انتقال سے دو روز قبل دین پور تشریف لائے، وہیں 22 اگست 1944 بروز منگل کو آپ نے رحلت فرمائی۔

آسیہ خاتون
(ایم اے، سال آخر)

مولانا عبید اللہ سندھی: حیات و خدمات

10/مارچ 1872 کو چراغ اسلام، شمس العلوم، حکیم الہند، امام انقلاب حضرت مولانا عبید اللہ سندھی اس دنیا میں تشریف لائے۔ وہ سیالکوٹ کے ایک سکھ گھرانے میں اپنے والد محترم کے انتقال کے تین ماہ بعد پیدا ہوئے، اسلامی تعلیمات اور اس کی حقانیت نے انہیں مولانا سندھی بنا دیا۔ پندرہ برس کی چھوٹی سی عمر میں تحفۃ الہند اور تقویۃ الایمان پڑھ کر اسلام جیسی نعمت سے مشرف ہونے کے بعد انہیں حافظ محمد صدیق بھر چونڈی کی صحبت اور محبت نصیب ہوئی اور کچھ عرصے کے بعد وہ دین پور کے صوفی بزرگ حضرت غلام محمد کی صحبت سے بھی فیض یاب ہوئے۔ دونوں بزرگوں کی صحبت نے ان کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ وہ مسلمانوں کی ثقافتی، سیاسی بہتری اور برتری کے لیے جانفشانی سے کام کرتے رہے، درحقیقت انہوں نے اپنی پوری زندگی اسلام اور نسلِ انسانی کی خدمت کے لیے وقف کر دی تھی۔

مولانا عبید اللہ سندھی نے سندھ اور بہاولپور میں ابتدائی عربی تعلیم حاصل کی تھی، پھر انہیں 1888 میں اسلامی علوم کے حصول کا شوق دار العلوم دیوبند لے گیا، جہاں وہ وقت کی جید علماء سے مستفیض ہوئے۔ شیخ الہند مولانا محمود حسن کی ان پر خاص توجہ ہوئی اور وہ بلند پایہ عالم بن گئے۔ 1891 میں فارغ التحصیل ہونے کے بعد وہ 1908 تک سندھ میں درس دیتے رہے۔ اس دوران میں انہوں نے دو کتابیں ایک حدیث پر اور دوسری جہاد پر لکھی تھی، جسے انہوں نے شیخ الہند کو دکھایا بھی تھا اور انہوں نے ان کے کام کو پسند فرمایا۔

خدمات

1908 میں شیخ الہند نے مولانا سندھی کو سندھ سے دیوبند بلایا اور بعض اہم کام ان کے سپرد کیے۔ وہ چار سال تک 'جمعیت الانصار' کے تحت دار العلوم کے قدیم طلبہ کی تعلیم اور موجودہ طلبہ کی سیاسی تعلیم و تربیت کا کام خاموشی کے ساتھ کرتے رہے، جب انہیں دیوبند میں کچھ مشکلات پیش آئیں تو شیخ الہند کے حکم پر انہوں نے کام کا مرکز دہلی منتقل کر دیا جہاں انہوں نے ایک ادارے 'نظارۃ المعارف القرآنیۃ' کی بنیاد ڈالی، اس کے تحت وہ درس قرآن کے ذریعے انقلابی جذبات کو پروان چڑھاتے رہے۔ اس دوران انہوں نے بعض بڑے سیاسی رہنماؤں مثلاً حکیم اجمل خان، نواب وقار الملک، ڈاکٹر انصاری، مولانا ابوالکلام آزاد اور مولانا محمد علی جوہر وغیرھم سمیت بعض دیگر انقلابی پارٹیوں سے بھی رابطہ قائم رکھا تھا۔

برصغیر کی آزادی کے لیے مولانا سندھی 1915 سے 1939 تک تقریباً پچیس برس جلاوطن رہے۔ شیخ الہند نے ان کو افغانستان میں اپنا نمائندہ خلیفہ بنا کر بھیجا تھا تاکہ وہاں پر وہ جماعت کو منظم کریں، انہوں نے سات سال تک افغانستان میں رہ کر کام کیا۔ افغانستان کے حکمراں اور امیر ان کی بڑی عزت کرتے تھے، انہوں نے امیر امان اللہ خان کے مشیر خاص کے فرائض بھی انجام دیے اور ان کو انگریزوں کے خلاف جنگ پر آمادہ کیا۔ جنگ میں خود بھی حصہ لیا اور اس کے نتیجے میں افغانستان آزاد ہوا، نیز برصغیر کی آزادی کی راہ ہموار ہوئی۔ اس کاروائی میں مولانا سندھی کا خصوصی کردار شامل تھا۔ مولانا ریشمی رومال تحریک کے محرک بھی تھے، اگرچہ تحریک ناکام ہوئی لیکن اس نے انگریزی حکومت کی بنیاد ہلادی۔

شیخ الہند کی حجاز میں گرفتاری کے بعد مولانا سندھی کا بھی افغانستان میں رہنا دشوار ہوگیا تو انہوں نے ترکی، ایران، حجاز، روس اور جرمنی وغیرہ جیسے ملکوں کا دورہ کیا اور عالمی سیاست دانوں سے تبادلہ خیال کر کے ہندوستان کی آزادی کی راہ ہموار کرنے کی کوشش کی، نیز اس سلسلے میں روس میں مشہور کمیونسٹ لیڈروں سے بھی ملاقاتیں کیں۔ 1922 میں مولانا سندھی کابل کمیٹی کے صدر کی حیثیت سے روس گئے اور ماسکو میں قیام کے زمانے میں انہوں نے روسی انقلاب کا مطالعہ کیا اور اسلامی انقلاب کی برتری ثابت کی۔ 1923 میں وہ روس سے ترکی پہنچے جہاں بدلتے ہوئے حالات کی پیش نظر انہوں نے سوراجیہ پارٹی کی بنیاد رکھی۔ 1926 میں حج کے موقع پر مکہ مکرمہ گئے، اس دوران ان کے درس وتدریس کا سلسلہ جاری رہا۔ 1939 میں ان کے حوالے سے قانونی پابندیاں اٹھائی گئیں تو 24 برس کی جلاوطنی کے بعد ہندوستان واپس آئے اور لاہور میں 'بیت الحکمہ' نامی ایک ادارہ قائم کیا جہاں تفسیر القرآن اور حجۃ اللہ البالغہ کا آخر تک درس دیتے رہے۔ اس کے نصاب میں شاہ ولی اللہ کی کتابوں کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مولانا سندھی

حضرت مولانا عبیداللہ سندھی کو ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب نے جامعہ بلانا چاہا اور ان سے درخواست کی کہ وہ دہلی آجائیں اور جامعہ میں قیام کریں نیز اساتذہ اور طلبہ کو اپنے علوم سے بہرور کریں، لیکن انہوں نے سندھ کو ترجیح دیتے ہوئے معذرت کرلی، البتہ ان کا خیال تھا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی میں بیت الحکمت قائم کیا جائے جہاں اس انداز سے مذہبی فلاسفہ کی تعلیم دی جائے کہ ملک مذہبی تعصب کے دلدل اور تنگ نظری کی فضا سے نکل سکے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کی وائس چانسلر ڈاکٹر ذاکر حسین نے جامعہ کی سلور جوبلی کے موقع پر بیت الحکمت کے قیام کا عزم کیا اور اس عمارت کے لیے 25000 روپے کی قوم سے اپیل کی تھی۔

مولانا جو کبھی مذہبی، قومی اور ملکی کاموں سے غافل نہ رہے اور آخری عمر میں بڑھاپے کی کمزوری اور بیماری کے باوجود وہ قوم وملت کی رہنمائی اور وطن کی خدمت میں مصروف رہے، کی وفات 2 رمضان المبارک 22 اگست 1944 کو گوٹھ دین پور متصل خان پور، ریاست بہاولپور میں ہوئی۔ اس وقت ان کی عمر تقریباً اکہتر برس تھی۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں جن میں سے چند درج ذیل ہیں:

۱۔ خطبات ومقالات ۲۔ شاہ ولی اللہ اور ان کا فلسفہ ۳۔ قرآن شعور انقلاب ۴۔ تفسیر المقام المحمود ۵۔ قرآن کا مطالعہ کیسے کیا جائے؟

***

مصادر ومراجع

(1) مولانا عبیداللہ سندھی۔ حالات زندگی، تعلیمات اور سیاسی افکار، پروفیسر محمد سرور، سندھ ساگر اکادمی، لاہور، 1943

(2) مولانا عبیداللہ سندھی۔ افکار وخدمات، ڈاکٹر ابوسلمان سندھی، شاہد حسین خان، المحمود اکیڈمی، اردو بازار، لاہور، 1995

(3) ذاتی ڈائری، مولانا عبیداللہ سندھی، ادبستان بیرون موچی دروازہ، لاہور، 1946

شہناز پروین
(ایم اے، سال آخر)

مولانا اسلم جیراجپوری: (مختصر تعارف)

مولانا اسلم جیراج پوری عالم اسلام کے ممتاز مفکروں اور علماء میں سے ہیں۔ اہل قرآن کے نام سے شہرت پانے والوں میں ان کا نام بھی شامل ہے۔ وہ ایک علمی شخصیت تھے جو اپنا ایک نقطہ نظر رکھتے تھے۔ ذیل میں ان کا مختصر تعارف پیش کیا رہا ہے۔

مولانا اسلم جیراج پوری کی پیدائش 27 ؍جنوری 1882 کو اعظم گڑھ کے قصبہ جیراج پور میں ہوئی۔ ان کے والد مولانا سلامت اللہ بیراج پوری خود ایک عالم دین تھے۔ مولانا نے علم دینی ماحول میں آنکھیں کھولیں اور پرورش پائی۔ ان کی پرورش و پرداخت اپنے دادا اور دادی کے سایہ شفقت میں ہوئی۔ ان کو پانچ برس کی عمر میں مدرسے میں داخل کرایا گیا جہاں انہوں نے ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ پھر والد اور والدہ کے ساتھ بھوپال آئے، جہاں پر حفظ قرآن کیا۔ اس کے بعد عربی فارسی، ریاضی اور فقہ کی بھی تعلیم حاصل کی، انھوں نے قرآن کی تفسیر خود اپنے والد سے پڑھی اور اس کے بعد انھوں نے اس زمانے کے رواج کے مطابق تیراندازی اور فن حرب کی تربیت بھی لی۔

تعلیم مکمل کرنے کے 1903 میں مولانا اسلم نے روزنامہ پیسہ لاہور میں مترجم کی حیثیت سے ملازمت اختیار کرلی۔ 1906ء میں مولانا اسلم جیراج پوری علی گڑھ چلے آئے۔

جامعہ ملیہ سے وابستگی:

1906 میں علی گڑھ کے بعد علی گڑھ کالج میں عربی فارسی کے معلم مقرر ہوئے۔ اور وہیں تدریسی خدمات انجام دیں۔ تقریباً چھ برسوں تک علی گڑھ میں رہے، بعد میں مولانا محمد علی جوہر کے اصرار پر اے ایم یو چھوڑ کر جامعہ ملیہ اسلامیہ تشریف لائے اور اسلامی تاریخ، حدیث اور قرآن کے پروفیسر مقرر ہوئے۔ انہوں نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے کئی رسالوں میں علمی و تحقیقی مضامین لکھے۔ وہ اپنی علمیت کی وجہ سے اتنے مشہور ہو گئے تھے کہ صرف مولانا کہہ دینے سے لوگ مولانا اسلم جیراج پوری سمجھ جاتے تھے۔ وہ تا حیات اسی ادارے سے وابستہ رہے۔

مولانا اسلم جیراج پوری نے اپنی زندگی میں قرآن اور حدیث کا مطالعہ کیا اور قرآن کے معانی و مفاہیم پر گہرائی سے غور وخوض کیا۔ مولانا

اسلم علامہ اقبال کی فکر سے متاثر تھے اور اکثر دینی مسائل پر گفتگو کے لیے ان کے دولت کدے پر تشریف لے جاتے تھے۔ان کا شعری ذوق بھی بہت اعلیٰ تھا۔وہ فن شعرا کے اسرار و رموز سے بخوبی آگاہ تھے۔علامہ اقبال کی بعض تصانیف پر ان کے تبصروں سے ان کے ذوقِ شعر کی بلندی اور ان کی ناقدانہ بصیرت کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔

مولانا جیراج پوری دین وادب کے متنوع دوائر میں امانت کے منصب پر بھی فائز تھے۔قرآن اور حدیث پر بھی ان کا اپنا موقف تھا،جس طرح علامہ اقبال اسلام کے بعض مسائل پر اپنا الگ موقف رکھتے تھے۔جس کا اظہار انہوں نے اپنے تصانیف میں کیا ہے۔ذیل میں ان کی تصانیف کا ذکر کیا جا رہا ہے:

تاریخ القرآن، تاریخ الامت، رسالہ محبوب الامت، نوادردات، فاتح مصر، حیات حافظ، الوارثہ فی الاسلام، ہمارے دینی علوم، عقائد اسلام، ارکان اسلام، تاریخ نجد وغیرہ۔ان کا ایک مختصر مجموعہ منظومات بھی جواہر ملیہ کے نام سے شائع ہوا تھا۔

مولانا اسلم ہندوستان میں اسلام کی تجدید یا تجدید بن کے زبردست علم بردار تھے اور انہوں نے اسلام میں در آنے والی غیر اسلامی عناصر کی نشاندہی کی۔وہ تقلیدی فکر کی بجائے عقلیت اور اجتہادی فکر کے حامی تھے۔یہی وجہ ہے کہ اسلامی مفکرین کا ایک طبقہ ان سے نالاں ہوگیا اور انہیں منکر حدیث کے زمرے میں ڈال دیا۔اپنی تصانیف اور اپنی فکر کی وجہ سے انہیں بھی منکر حدیث قرار دیا گیا۔وہ خود بھی خود کو کسی زمرے میں دیکھنا پسند نہیں کرتے تھے۔وہ سمجھتے تھے کہ اختلاف رائے کی بنا پر کسی کو مسلک سے باندھ دینا صحیح نہیں ہے۔مسلمان ہمیشہ مسلمان ہوتا ہے،وہ کسی خانہ میں بٹا نہیں ہوتا۔

مولانا اسلم جیراج پوری ہندوستان میں اسلام کی تجدید یا تجدید دین کے زبردست علم بردار تھے اور انھوں نے اسلام میں در آنے والی غیر اسلامی عناصر کی نشاندھی کی۔ وہ تقلیدی فکر کی بجائے عقلیت اور اجتہادی فکر کے حامی تھے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامی مفکرین کا ایک بڑا طبقہ ان سے نالاں ہو گیا اور انہیں منکر حدیث کے زمرے میں ڈال دیا۔ اپنی تصانیف اور اپنی فکر کی وجہ سے انہیں بھی منکر حدیث قرار دیا گیا۔ وہ خود بھی خود کو کسی زمرے میں دیکھنا پسند نہیں کرتے تھے۔ وہ سمجھتے تھے کہ اختلاف رائے کی بنا پر کسی کو مسلک سے باندھ دینا صحیح نہیں ہے۔ مسلمان ہمیشہ مسلمان ہوتا ہے،وہ کسی خانہ میں بٹا نہیں ہوتا۔

